مدیر کے نام

بیگم سیّد ابوالاعلیٰ مودودی ' لاہور

تزئینِ نو کے بعد ترجمان القرآن میں کافی مثبت اور مفید تبدیلیاں آئی ہیں۔ مضامین میں تنوع اور موضوعات میں وسعت ہے۔ تازہ شمارے میں "گوشہ رمضان" اور "آج اور کل" پسند آئے۔ اسی طرح فہمِ قرآن اور فہمِ حدیث کا سلسلہ بھی بہت مفید ہے۔ یہ امر بھی باعثِ اطمینان ہے کہ رسالہ باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ رسالہ ' آیندہ اس سے بھی بہتر ہو گا اور مولانا مودودی مرحوم نے جن بلند مقاصد کے لیے ترجمان القرآن کو پروان چڑھایا تھا' وہ آپ کے پیشِ نظر رہیں گے۔

جسٹس (ریٹائرڈ) ملک غلام علی ' لاہور

ماہنامہ ترجمان القرآن نئے ادارۂ تحریر و تنظیم کے تحت اپنے قالبِ جدید میں رونما ہو رہا ہے۔ میری صمیمِ قلب سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس موقر جریدے کو حسبِ سابق قارئین کے لیے نفع بخش بنائے اور اسے جادۂ حق پر پیش قدمی عطا فرمائے' آمین والحمدللہ رب العالمین۔

جنرل (ریٹائرڈ) مرزا اسلم بیگ چیرمین فرینڈز' راولپنڈی

میں نے تمام مضامین کو بڑی دلچسپی سے پڑھا ہے۔ آپ نے اشارات میں بجا طور پر کہا ہے کہ عصرِ حاضر کی روح مضطرب اور بے تاب ہے۔ مغرب کی مسیحائی تو اب نام کی رہ گئی ہے۔ اصل المیہ یہ ہے کہ تہذیبِ حاضر کا بیمار' بیمار سے بیمار تر' ہوتا دکھائی دے رہا ہے —— میرا ایمان ہے کہ نجات کا واحد راستہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑنے میں مضمر ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ امتِ مسلمہ کے حال پر رحم فرمائے اور اسے شہادتِ حق کی توفیق بخشے۔